# پشاور زلمی نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو بآسانی 30رنز سے شکست دے دی

- شعیب ملک کی جارحانہ نصف سنچری

**راولپنڈی،5 مارچ 2020ء:**

ایچ بی ایل پی ایس ایل فائیو کے 18ویں گروپ میچ میں پشاور زلمی نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرزکو 30رنز سے شکست دے دی۔بارش کے باعث دونوں ٹیموں کے درمیان میچ15 اوورز تک محدود کردیا گیا تھا۔

پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں کھیلے گئے میچ میں پشاورزلمی نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے6وکٹوں کے نقصان پر 170 رنز بنائے۔ مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیم مقررہ 15 اوورز میں 7وکٹوں کے نقصان پر 140 رنز ہی بناسکی۔

تفصیلات کے مطابق کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے کپتان سرفراز احمد نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ سہیل خان اور محمد حسنین نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی جانب سے باؤلنگ کا آغاز کیا تو حریف ٹیم کے دونوں اوپنرز، کامران اکمل اور امام الحق، 39 کے مجموعی اسکور پر آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ گئے۔ کامران اکمل 23 اور امام الحق 7 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔

اوپنرز کے جلد پویلین واپس لوٹنے پر شعیب ملک نے پشاور زلمی کی جانب سے ڈرائیونگ سیٹ سنبھالی اور حیدر علی اور لیام لیون اسٹون کے ہمراہ بالترتیب 54 اور 41 رنز کی شراکت قائم کرکےٹیم کو سنبھالا دیا۔ حیدر علی 24 گیندوں پر 39 رنز(4 چوکے ا ور 2 چھکے) جبکہ لیام لیون اسٹون12 رنز(2چوکے) بناکر آؤٹ ہوئے۔

تجربہ کار کھلاڑی شعیب ملک نے 27 گیندوں پر 200 کے اسٹرائیک ریٹ کے ساتھ 54 رنز بنائے۔ ان کی اننگز میں 8 چوکے اور 1 چھکا شامل تھا۔ انہیں پویلین کی راہ دکھانے والے فاسٹ باؤلر محمد حسنین نے مجموعی طور پر میچ میں34 رنز کے عوض4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔بین کٹنگ اور سہیل خان نے بھی ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

پشاور زلمی کے لوئس گریگری 19 اور حسن علی 9 رنز بناکر ناٹ آؤٹ رہے۔

171 رنز کے تعاقب میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے اننگز کے آغاز سے ہی جارحانہ انداز اپنائے رکھاتاہم جیسن رائے کے علاوہ ان کا کوئی بلے باز بھی زیادہ دیر وکٹ پر نہ ٹھہر سکا۔

کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کوبیٹنگ کے دوران پہلا نقصان اس وقت اٹھانا پڑا جب شین واٹسن 4.4اوورز میں45 کے مجموعی اسکو رپروکٹ گنوا بیٹھے۔ انہوں نے 4 چوکوں کی مدد سے 19 رنز بنائے۔

کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے دوسرے آؤٹ ہونے والے بلے باز جیسن رائے تھے۔ وہ 26 گیندوں پر 5 چوکوں اور 2 چھکوں کی بدولت 45 ر نزبناکر آؤٹ ہوئے۔

دونوں ا وپنرز کے آؤٹ ہونےکے بعد کوئٹہ گلیڈی ایٹرزکے مڈل آرڈر بلے باز بھی ٹیم کو مشکلات کے بھنور سے نکالنے میں کامیاب نہ ہوسکے اور یکے بعد دیگرے آؤٹ ہوکر وکٹیں گنواتے رہے۔ احمد شہزاد 10،بین کٹنگ 17اور اعظم خان بغیر کوئی رنز بنا ئےآؤٹ ہوئے۔

اس دوران آلراؤنڈر محمد نواز نے کچھ مزاحمت کی کوشش کی تاہم وہ بھی 7گیندوں پر 18 رنز بناکر چلتے بنے۔ کپتان سرفراز احمد ایک اسکوربناکر آؤٹ ہوئے۔

کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو جیت کے لیے آخری اوور میں 47 رنز درکار تھے۔ لوئس گریگری کے اوور میں سہیل خان نےابتدائی 2 گیندوں پر2چھکےجڑکر شکست کا مارجن کچھ کم کیا تاہم پشاور زلمی نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو بآسانی 30 رنز سے شکست دے دی۔

پشاور زلمی کی ٹیم مقررہ 15 اوورز میں 7وکٹوں کے نقصان پر 140رنز ہی بناسکی۔

سہیل اختر 16 اور ٹائمل ملز 4 رنز بناکر کریز پر موجود رہے۔

پشاور زلمی کے کپتان وہاب ریاض نے21 رنز کے عوض3کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ راحت علی نے 2 جبکہ حسن علی اور یاسر شاہ نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

میچ میں جارحانہ بلے بازی کرنے پر شعیب ملک کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

چھ مارچ بروز جمعہ کو ایچ بی ایل پی ایس ایل فائیو میں صرف ایک میچ کھیلا جائے گے۔ کراچی کنگز اور ملتان سلطانز کی ٹیمیں قذافی اسٹیڈیم لاہور میں مدمقابل آئیں گی۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4